# پروفیسر ڈاکٹر عبدالوہاب اشرفیؒ کاکو کی مٹی کا وہ آفتاب جس نے اردو ادب کو نئی روشنی عطا کی




## سید آصف امام کاکوی

بعض شخصیات ایسی ہوتی ہیں جن کی زندگی محض چند برسوں پر مشتمل نہیں ہوتی بلکہ وہ ایک عہد، ایک تحریک اور ایک تہذیبی تاریخ کا عنوان بن جاتی ہیں۔ وہ دنیا سے رخصت ہوکر بھی زندہ رہتی ہیں۔ ان کی سانسیں رک جاتی ہیں مگر ان کے افکار نسلوں کے سینوں میں دھڑکتے رہتے ہیں۔ ان کے قدم رک جاتے ہیں مگر ان کے چھوڑے ہوئے نقوش آنے والے زمانوں کو راستہ دکھاتے رہتے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر عبدالوہاب اشرفیؒ ایسی ہی ایک نابغۂ روزگار شخصیت کا نام ہے۔ آج جب ان کی یومِ پیدائش کے موقع پر ہم انہیں یاد کر رہے ہیں تو درحقیقت ہم صرف ایک فرد کو خراجِ عقیدت پیش نہیں کر رہے بلکہ اردو زبان، اردو تہذیب، اردو تنقید اور اردو شعور کے ایک پورے عہد کو سلام پیش کر رہے ہیں۔ 2 جون 1936 کو ضلع جہان آباد کے تاریخی اور روحانی قصبہ کاکو کے گاؤں بی بی پور میں پیدا ہونے والا یہ بچہ ایک دن اردو ادب کے آسمان پر ایسا آفتاب بن کر طلوع ہوگا، شاید اُس وقت کسی نے تصور بھی نہ کیا ہوگا۔ مگر قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ یہ وہ سرزمین تھی جس کی مٹی میں روحانیت کی خوشبو تھی، علم کی روشنی تھی اور تہذیب کا وقار تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اسی مٹی نے ایک ایسے سپوت کو جنم دیا جس نے بعد میں اردو دنیا میں اپنی مثال آپ بن کر دکھائی۔ جب بھی کاکو کا نام آتا ہے تو میرے دل میں ایک عجیب سی محبت جاگ اٹھتی ہے۔ اس لیے کہ کاکو صرف میرا آبائی وطن نہیں بلکہ میری شناخت، میری تہذیب اور میری روح کا حصہ ہے۔ میں، سید آصف امام کاکوی، جب کاکو کی گلیوں، اس کی مٹی، اس کی مسجدوں، اس کی خانقاہوں اور اس کے علمی ورثے کے بارے میں سوچتا ہوں تو محسوس کرتا ہوں کہ یہ سرزمین غیر معمولی لوگوں کی جنم بھومی رہی ہے۔ حضرت مخدوم بی بی کمالؒ کی روحانی عظمت ہو یا اردو ادب کے نامور شاعر عطا کاکوی کی ادبی خدمات، کاکو ہمیشہ علم و عرفان کا مرکز رہا ہے۔ اسی سرزمین نے پروفیسر ڈاکٹر عبدالوہاب اشرفیؒ جیسی شخصیت کو جنم دیا۔ یہ کاکو ہی تھا جس نے انہیں ابتدائی تہذیبی شعور دیا۔ یہی گلیاں تھیں جن میں ان کی شخصیت نے آنکھ کھولی۔ یہی مٹی تھی جس کی خوشبو ان کی تحریروں میں آخر دم تک محسوس کی جاتی رہی۔ آج بھی اگر کوئی ان کی تحریروں کو غور سے پڑھے تو اسے ان الفاظ میں کاکو کی مٹی کی خوشبو، اس کی تہذیب کا رنگ اور اس کے لوگوں کی سادگی صاف دکھائی دے گی۔ بہار کی تاریخ میں اگر کسی شہر کو اردو تہذیب کا دل کہا جائے تو وہ عظیم آباد یعنی پٹنہ ہے۔ یہ شہر صدیوں سے علم و ادب کا مرکز رہا ہے۔ یہاں کے کوچوں سے شعر و ادب کی خوشبو اٹھتی رہی ہے۔ شاد عظیم آبادی، یارانِ عظیم آباد اور بے شمار ادبی شخصیات نے اس شہر کو اردو دنیا میں ممتاز مقام عطا کیا۔ ڈاکٹر عبدالوہاب اشرفیؒ نے بھی اسی ادبی روایت کو آگے بڑھایا۔ ان کی فکر میں عظیم آباد کی شائستگی تھی۔ ان کی زبان میں تہذیب کی شیرینی تھی۔ ان کی تحریروں میں بہار کی علمی روایت کا وقار تھا۔ وہ جب بھی اردو کے مستقبل کی بات کرتے تو بہار کے کردار کو خصوصی اہمیت دیتے۔ ان کا ماننا تھا کہ اردو صرف زبان نہیں بلکہ ہندوستانی تہذیب کا ایک اہم ستون ہے۔ عبدالوہاب اشرفیؒ کی زندگی کا سب سے نمایاں پہلو ان کا بے پناہ مطالعہ تھا۔ وہ کتابوں کے عاشق تھے۔ ان کے لیے کتاب محض کاغذ کا مجموعہ نہیں بلکہ زندگی کی روشنی تھی۔ راتوں کی تنہائی میں مطالعہ، دن بھر تحقیق اور مسلسل فکری جستجو ان کا معمول تھا۔ ان کی شخصیت کو دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے علم ان کی رگوں میں خون بن کر دوڑ رہا ہو۔ وہ جہاں بیٹھتے وہاں علم کی بات ہوتی۔ وہ جس محفل میں جاتے وہاں فکر کے چراغ روشن ہوجاتے۔ ان کی گفتگو سننے والے گھنٹوں محوِ سماعت رہتے۔ کیونکہ ان کے پاس صرف معلومات نہیں تھیں بلکہ بصیرت بھی تھی۔ صرف علم نہیں تھا بلکہ حکمت بھی تھی۔ اردو تنقید کی تاریخ میں چند ہی نام ایسے ہیں جنہیں ہمیشہ احترام کے ساتھ یاد کیا جائے گا۔ ڈاکٹر عبدالوہاب اشرفیؒ انہی میں شامل ہیں۔ انہوں نے تنقید کو محض اعتراض کا نام نہیں سمجھا بلکہ ادب کو سمجھنے اور سمجھانے کا ذریعہ بنایا۔ ان کی تنقید میں وسعت تھی۔ ان کی تنقید میں دیانت تھی۔ ان کی تنقید میں علم تھا۔ اور سب سے بڑھ کر انسان دوستی تھی۔ انہوں نے کبھی تعصب کو اپنی تنقید پر حاوی نہیں ہونے دیا۔ اسی لیے ان کی رائے کو اردو دنیا میں بڑی اہمیت حاصل رہی۔ جب ان کی شہرۂ آفاق کتاب "تاریخِ اردو ادب" کو ساہتیہ اکادمی ایوارڈ سے نوازا گیا تو یہ صرف ایک مصنف کی کامیابی نہیں تھی۔ یہ بہار کی کامیابی تھی۔ یہ کاکو کی کامیابی تھی۔ یہ اردو زبان کی کامیابی تھی۔ اس دن بہار کی سرزمین نے فخر محسوس کیا کہ اس کے ایک سپوت نے پورے ہندوستان میں اردو ادب کا پرچم بلند کر دیا۔ ان کی یہ کتاب آج بھی محققین، اساتذہ اور طلبہ کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ رانچی یونیورسٹی میں شعبۂ اردو کے صدر کی حیثیت سے انہوں نے جو خدمات انجام دیں وہ ناقابلِ فراموش ہیں۔ ان کے شاگرد آج ہندوستان اور بیرونِ ملک مختلف اداروں میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ مگر آج بھی جب ان سے اشرفی صاحب کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کی آنکھوں میں




عقیدت جھلکنے لگتی ہے۔ کیونکہ وہ صرف استاد نہیں تھے۔ وہ مربی تھے۔ وہ رہنما تھے۔ وہ ایک ایسے بزرگ تھے جو نوجوان ذہنوں کو نئی سمت دیتے تھے۔ ان کے لیے تعلیم صرف ڈگری حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں تھی بلکہ انسان بنانے کا عمل تھی۔ ڈاکٹر عبدالوہاب اشرفیؒ کے دل میں اردو کے لیے عجیب تڑپ تھی۔ وہ چاہتے تھے کہ نئی نسل اردو سے جڑے۔ وہ چاہتے تھے کہ اردو گھروں میں بولی جائے۔ وہ چاہتے تھے کہ اردو صرف نصاب میں نہ رہے بلکہ زندگی کا حصہ بنے۔ آج جب اردو مختلف چیلنجوں کا سامنا کر رہی ہے تو ان کی باتیں پہلے سے زیادہ اہم محسوس ہوتی ہیں۔ "اردو کو بچانے کے لیے صرف جلسے کافی نہیں، گھروں میں اردو کی شمع روشن کرنی ہوگی۔" سید آصف امام کاکوی کی عقیدت آج جب میں اپنے آبائی وطن کاکو کے اس عظیم فرزند کو یاد کرتا ہوں تو دل فخر سے بھر جاتا ہے۔ کاکو کی مٹی نے بہت سے چراغ پیدا کیے مگر عبدالوہاب اشرفیؒ ان چراغوں میں ایک آفتاب تھے۔ ان کی شخصیت کا ذکر کرتے ہوئے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے ہم اپنے ماضی کی روشنیوں کو چھو رہے ہوں۔ وہ چلے گئے لیکن ان کا علم باقی ہے۔ وہ رخصت ہوگئے لیکن ان کی کتابیں زندہ ہیں۔ وہ خاموش ہوگئے لیکن ان کے افکار آج بھی گفتگو کر رہے ہیں۔ اور جب تک اردو زندہ ہے، جب تک ادب زندہ ہے، جب تک تہذیب زندہ ہے، پروفیسر ڈاکٹر عبدالوہاب اشرفیؒ کا نام بھی زندہ رہے گا۔ وہ ایک شخص نہیں تھا، اک انجمن تھا وہ جو چپ ہوا تو زمانے کی گفتگو کم ہوگئی۔ آج جب ہم پروفیسر ڈاکٹر عبدالوہاب اشرفیؒ کی زندگی، خدمات اور علمی ورثے کا جائزہ لیتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ ہم محض ایک ادیب، نقاد یا استاد کو یاد نہیں کر رہے بلکہ ایک پورے عہد، ایک تہذیب اور ایک فکری روایت کو خراجِ عقیدت پیش کر رہے ہیں۔ وہاب اشرفیؒ ان خوش نصیب انسانوں میں سے تھے جنہوں نے زندگی کو مقصد دیا اور اپنے مقصد کو زندگی بنا لیا۔ انہوں نے اردو کو صرف ایک زبان نہیں سمجھا بلکہ اسے اپنی شناخت، اپنی تہذیب، اپنی محبت اور اپنی روح کا حصہ بنایا۔ ان کے قلم سے نکلنے والا ہر لفظ اردو سے عشق کی گواہی دیتا ہے۔ آج وہ ہمارے درمیان جسمانی طور پر موجود نہیں ہیں، لیکن ان کی تصانیف، ان کے خیالات، ان کے شاگرد اور ان کی ادبی خدمات آج بھی زندہ ہیں۔ وقت گزر سکتا ہے، نسلیں بدل سکتی ہیں، لیکن علم و ادب کے آسمان پر روشن ہونے والے ستارے کبھی غروب نہیں ہوتے۔ کاکو کی مٹی آج بھی ان پر فخر کرتی ہے۔ بہار کی سرزمین آج بھی ان کے نام سے پہچانی جاتی ہے۔ اردو ادب آج بھی ان کی خدمات کا مقروض ہے۔ اور اردو کے سنجیدہ قاری آج بھی ان کے ذکر کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ میری حیثیت ایک ادنیٰ طالبِ علم اور کاکو کی سرزمین سے تعلق رکھنے والے فرد کی ہے، لیکن یہ میرا ایمان ہے کہ پروفیسر ڈاکٹر عبدالوہاب اشرفیؒ کا نام اردو ادب کی تاریخ میں ہمیشہ سنہرے حروف سے لکھا جاتا رہے گا۔ ان کی زندگی ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ حالات جیسے بھی ہوں، علم کا چراغ بجھنے نہیں دینا چاہیے۔ زبانوں کی حفاظت صرف نعروں سے نہیں بلکہ علم، مطالعہ، تحقیق اور نئی نسل کی تربیت سے ہوتی ہے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم وہاب اشرفیؒ کے خواب کو اپنا خواب بنائیں۔ اردو کو گھروں تک پہنچائیں، نئی نسل کو اردو سے جوڑیں، کتاب سے رشتہ مضبوط کریں اور اپنے اسلاف کے علمی ورثے کو محفوظ رکھیں۔ اردو کو سلام سلام اُس زبان کو جس نے محبت سکھائی۔ سلام اُس زبان کو جس نے تہذیب سکھائی۔ سلام اُس زبان کو جس نے دلوں کو جوڑا۔ سلام اُس زبان کو جس نے ہندوستان کی گنگا جمنی تہذیب کو لفظوں کا لباس عطا کیا۔ سلام اُس اردو کو جس کے لیے وہاب اشرفیؒ نے اپنی پوری زندگی وقف کردی۔ وہاب اشرفیؒ کو سلام سلام اُس استاد کو جس نے علم بانٹا۔ سلام اُس نقاد کو جس نے ادب کو نئی بصیرت دی۔ سلام اُس محقق کو جس نے اردو تاریخ کو نئی جہت عطا کی۔ سلام اُس انسان کو جس نے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ سلام اُس فرزندِ کاکو کو جس نے بہار اور اردو کا نام روشن کیا۔ آج ان کی یومِ پیدائش کے موقع پر ہم سب مل کر یہ عہد کریں کہ اردو کی شمع کو بجھنے نہیں دیں گے، علم و ادب کے اس قافلے کو رُکنے نہیں دیں گے اور اپنے اکابرین کے خوابوں کو زندہ رکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ پروفیسر ڈاکٹر عبدالوہاب اشرفیؒ کی مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور ان کی علمی و ادبی خدمات کو ہمیشہ زندہ و تابندہ رکھے۔ آمین یا رب العالمین۔ وہ لوگ کبھی مر نہیں سکتے جو علم بانٹ جاتے ہیں، وہ نام کبھی مٹ نہیں سکتے جو دلوں میں گھر کر جاتے ہیں۔ خراجِ عقیدت پروفیسر ڈاکٹر عبدالوہاب اشرفیؒ اردو ادب کا روشن چراغ، کاکو کی عظمت اور بہار کا فخر

# غسلِ یک لیٹری: وشوگرو بھارت کی نئی تصویر



## ڈاکٹر محمد عظیم الدین

آب و آتش کی پرانی چشمک اور ازل سے جاری خاندانی دشمنی اپنی جگہ، مگر برصغیر پاک و ہند کے طول و عرض میں غسل جسے ہمارے ہاں کمالِ عقیدت، تہذیبی وارفتگی اور کسی قدر خوف کے ساتھ "اشنان" یا "طہارت" کہا جاتا ہے، کبھی بھی محض پیکرِ خاکی پر پانی انڈیلنے، یا صابن کی مدد سے میل کچیل دور کرنے کی مشینی کارروائی کا نام نہیں رہا۔ یہ ایک باقاعدہ سماجی رسم، ایک روحانی تجربہ اور ایک ایسا عظیم الشان تہذیبی استعارہ ہے جس کے ساتھ ہماری پوری ثقافتی تاریخ، شاعری اور نفسیات ایک گیلے تولیے کی طرح وابستہ ہیں۔ پرانے وقتوں کی بات اور تھی جب ندیوں، گھاٹوں اور تالابوں پر اشنان کے باقاعدہ میلے لگا کرتے تھے۔ تب پانی کو محض ہائیڈروجن اور آکسیجن کا بے حس کیمیائی مرکب نہیں، بلکہ ایک جیتا جاگتا وجود مانا جاتا تھا، جس کے آگے سر جھکا کر پہلے اپنے پاپ دھوئے جاتے تھے اور پھر خاکی وجود۔ پھر وقت نے ذرا سی کروٹ لی اور ہمارے غسل خانوں میں پیتل کے لوٹے اور جست کی بالٹی کا وہ شیریں اور رومانوی ملاپ سامنے آیا، جس کی جل ترنگ نے اس خطے کو کیسے کیسے بے سرے، مگر پُرجوش اور خودسر "باتھ روم سنگرز" عطا کیے، جو نہاتے وقت خود کو تان سین اور پانی کی دھار کو اپنا طبلہ نواز سمجھتے تھے۔ سچ پوچھیے تو جدید شاور کی موسلا دھار، بے حس اور مشینی پھوار میں وہ روحانی طمانیت کہاں، جو بالٹی کے کنارے پر لوٹے کے ٹکرانے کی اس مخصوص دیہاتی آواز میں پوشیدہ تھی! یہ آواز بیک وقت گھر والوں کے لیے اندر والے کے زندہ ہونے کے اعلان اور صابن مانگنے کے اشارے کا کام دیتی تھی۔ سردیوں کی ٹھٹھرتی اور دھندلی صبحوں میں پانی کے سرد و گرم ہونے کے درمیان کا وہ نفسیاتی تذبذب، اور پھر نہانے سے فرار کی وہ جنگی حکمتِ عملیاں، ہماری مشترکہ تہذیبی یادداشت کا ایسا اٹوٹ حصہ ہیں جنہیں سوچ کر آج بھی ہڈیوں میں جھرجھری سی آجاتی ہے۔ اپنی بات کروں تو راقم الحروف کا پانی کے ساتھ تعلق ہمیشہ اس گھریلو بلی جیسا رہا ہے جسے دودھ تو پسند ہے مگر چھینٹوں سے اس کی جان جاتی ہے۔ جاڑوں میں ہمارا غسل محض گیلے تولیے سے ڈیل ڈول کو ڈرانے، یا زیادہ سے زیادہ گردن کے پچھلے حصے پر پانی کا مسح کرنے تک محدود رہتا تھا، اور ہم اس آدھے ادھورے گیلے پن کو زہد و تقویٰ کی معراج سمجھتے تھے۔ پانی سے ہماری اس فطری، پیدائشی اور موروثی پرہیزگاری کے باوجود، ہمیں کبھی خواب میں بھی یہ گمان نہ تھا کہ ایک دن ایسا آئے گا جب ہماری اس ذاتی کمزوری اور آبی کاہلی کو باقاعدہ "قومی فریضے" کا درجہ دے دیا جائے گا، اور سرے سے نہ نہانے والوں یا قطرہ قطرہ پانی کو ترسنے والوں کو دیش بھگت تسلیم کیا جانے لگے گا۔ ہمارے اس آبی زہد پر اس وقت مزید پانی پھر گیا جب پچھلے دنوں ہمارے محلے میں ایک ایسا روح فرسا اور بیک وقت مضحکہ خیز سانحہ پیش آیا، جس نے اشنان کے تمام کلاسیکی، رومانوی اور روایتی تصورات کی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں۔ ہمارے پڑوس میں پنڈت سوکھا رام رہائش پذیر ہیں۔ پنڈت جی کی کفایت شعاری، جفاکشی اور آبی بچت کا یہ عالم ہے کہ وہ برسات کے پانی سے کلیاں کرنے کے قائل ہیں، اور ان کا بس چلے تو شبنم کے قطروں سے غسل فرمالیں۔ پانی کے معاملے میں ان کی احتیاط اس درجہ کمال کو پہنچی ہوئی ہے کہ وہ صبح منہ ہاتھ بھی اس باریک بینی اور کنجوسی سے دھوتے ہیں، گویا صحرائے راجستھان کے عین وسط میں مقیم ہوں اور ان کے پاس طہارت کی یہ آخری صراحی ہو۔ ان کے نزدیک نلکے سے ٹپکتا ہوا ایک قطرہ بھی کسی بڑے قومی اور جغرافیائی سانحے سے کم نہیں ہوتا۔ سنا ہے کہ وہ محلے میں کسی کی موت پر ماتم بھی کرتے ہیں تو بغیر آنسوؤں کے، مبادا جسمانی رطوبت کی قیمتی نمی ضائع ہوکر فضا میں تحلیل ہوجائے۔ یہی پنڈت سوکھا رام گزشتہ ہفتے کسی مخصوص کٹر قوم پرست "راشٹریہ آشرم" سے طہارت کا ایک نیا دیسی کورس مکمل کرنے کے بعد، تازہ آشیرباد پا کر لوٹے۔ ان کی بغل میں ایک لیٹر والی منرل واٹر کی وہ پلاسٹک کی بوتل نہایت احتیاط اور عقیدت سے دبی ہوئی تھی، جو عموماً طویل مسافتوں کے دوران مسافروں کا حلق تر کرنے کے کام آتی ہے۔ محلے کے چوک میں آتے ہی انہوں نے مجمع لگایا اور دعویٰ کیا کہ انہوں نے محض ایک لیٹر پانی میں مکمل اور تسلی بخش اشنان کرنے کا وہ انقلابی اور محیر العقول فن سیکھ لیا ہے، جو نہ صرف ملک کو آبی بحران سے نکالے گا بلکہ وشوگرو بننے کی راہ میں دیش بھگتی کو ناپنے کا نیا پیمانہ بھی بنے گا۔ ہم نے ابتدا میں اسے آشرم کی کوئی صوفیانہ کرامت، شعبدہ بازی، یا کڑاکے کی دھوپ کا اثر سمجھا، مگر جب انہوں نے بیچ چوراہے پر اس کا عملی مظاہرہ شروع کیا تو ہماری آنکھیں حیرت اور ہیبت سے پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ انہوں نے اس ایک لیٹر والی بوتل سے چند قطرے نہایت نفاست، لرزش اور بخل کے ساتھ اپنی سوکھی ہتھیلی پر ٹپکائے، صابن کو محض اتنا گیلا کیا کہ وہ بے ہوش ہونے سے بچ جائے، اور پھر اسے اعضائے رئیسہ و غیر رئیسہ پر وہاں تک ملا جہاں تک ان کے ہاتھ باآسانی اور بغیر کسی بیرونی مدد کے پہنچ سکتے تھے۔ اس کے بعد کا منظر تو ایسا تھا کہ غالب اگر دیکھ لیتے تو اپنا پورا دیوان کسی خشک کنویں میں پھینک دیتے۔ بچی کھچی بوتل کے پانی سے صابن دھونے کے لیے پنڈت جی نے ایسی ایسی جسمانی قلابازیاں کھائیں، اور اپنے ڈھانچے کو ایسے ناممکن اور ناقابلِ فہم زاویوں میں موڑا کہ دیکھ کر ماہرینِ جمناسٹک اور یوگا کے بڑے بڑے پنڈت بھی شرم سے ہمالیہ کے غاروں میں روپوش ہوجاتے۔ وہ صابن جو سارے بدن پر لگ چکا تھا، اسے ایک لیٹر پانی سے دھونا ایسا ہی تھا جیسے کوئی شخص ایک پیالی چائے سے پورے محلے کی ضیافت کا دعویٰ کردے۔ پانی کا ایک ایک قطرہ صابن کے جھاگ سے یوں نبرد آزما تھا جیسے کسی رومانوی المیے میں ہیروئن اپنے ظالم سماج سے ٹکراتی ہے۔ اس آبی و جسمانی تماشے کو دیکھ کر جب مجمع گنگ کھڑا تھا تو محفل میں موجود وید جل ترنگ نے (جن کا مطب کم اور دماغ زیادہ چلتا ہے) آگے بڑھ کر پنڈت جی کی سوکھی ہوئی کلائی پکڑی، نبض پر انگلیاں جمائیں اور آنکھیں بند کرکے مراقبے میں چلے گئے۔ کچھ دیر بعد ایک گہری سرد آہ بھر کر بولے کہ پنڈت جی کے دماغ میں یبوست (خشکی) اس حد تک سرایت کرچکی ہے کہ اب انہیں پانی لیٹروں میں نہیں، ملی لیٹر اور نینو لیٹر میں نظر آنے لگا ہے۔ وید جی نے طنزیہ متانت سے فرمایا: "انسانی وجود کوئی چائے کی پیالی نہیں جسے چند قطروں سے کھنگال کر طاق پر رکھ دیا جائے۔ ایک لیٹر والے غسل کا یہ دعویٰ حب الوطنی کم اور مالیخولیا کی ابتدائی علامت زیادہ ہے۔" ان کے بقول، طہارت کے لیے پانی کی وہ فراوانی شرط ہے جس میں انسان کم از کم اپنے گناہوں اور میل دونوں کو ایک ساتھ بہا سکے، ورنہ ایسا غسل تو محض صابن کی توہین اور کھال کی بربادی ہے۔ ابھی وید جل ترنگ اپنی تشخیص مکمل ہی کر رہے تھے کہ مجمع کو چیرتے ہوئے ہمارے محلے کے سب سے پڑھے لکھے دانشور، پروفیسر گیانیش کمار شرما نمودار ہوئے۔ وہ ولایتی سوٹ میں ملبوس، آنکھوں پر قیمتی چشمہ سجائے، جدید کارپوریٹ کلچر اور سائنسی موشگافیوں کا چلتا پھرتا انسائیکلوپیڈیا ہیں۔ انہوں نے پنڈت سوکھا رام کی اس خشک اور صابن آلود ہیئتِ کذائی کو نہایت تحسین بھری نظروں سے دیکھا اور وید جل ترنگ کی تشخیص کو دقیانوسی قرار دیتے ہوئے فرمایا: "آپ لوگ اس عظیم قومی قربانی کے سائنسی پہلو کو ہرگز نہیں سمجھ رہے۔ پنڈت جی کا یہ ایک لیٹر والا غسل کوئی بیماری نہیں، بلکہ اکیسویں صدی کے ماحولیاتی تقاضوں کی عین تکمیل اور وشوگرو بھارت کی جانب پہلا قدم ہے۔" پروفیسر صاحب نے اپنی ٹائی کی گرہ ڈھیلی کرتے ہوئے مجمع کو سمجھانا شروع کیا: "بھائیو! آج کل ہمارے ملک میں مصنوعی ذہانت کے جو عظیم الشان ڈیٹا سینٹرز بن رہے ہیں، ان کے سروروں کے کلیجے ٹھنڈے رکھنے کے لیے، اور گرین انرجی یعنی ایتھنول کی فیکٹریوں کا پہیہ چلانے کے لیے ندیوں کا سارا پانی درکار ہے۔ اب اگر یہ قیمتی پانی ایک عام شہری کے میل کچیل دھونے میں ضائع ہوگیا تو ملک ڈیجیٹل کیسے ہوگا؟ پنڈت سوکھا رام کا یہ صابن آلود وجود دراصل کارپوریٹ ترقی کی راہ میں ایک جلتا ہوا چراغ ہے!" یہ سن کر مجمع میں کھڑے ایک سر پھرے نے محلے کی نکڑ پر واقع سیٹھ سمندر داس کے ستائیس منزلہ شیشے اور فولاد کے محل کی طرف اشارہ کر دیا، جس کی ڈرائیو وے پر اس وقت بھی ہزاروں لیٹر میٹھا پانی محض اس لیے بے دریغ بہایا جا رہا تھا تاکہ سیٹھ صاحب کے ولایتی کتوں کے سائے کو ٹھنڈک اور طمانیت مل سکے۔ پروفیسر گیانیش نے ایک لمحے کے لیے اس چھلکتے ہوئے پانی کو دیکھا، پھر گلا کھنکھار کر نہایت ڈھٹائی سے مسکراتے ہوئے بولے: "دیکھیے، اسے اسراف نہ کہیے۔ سیٹھ صاحب کے کتے اگر فرانسیسی شیمپو سے نہ نہلائے جائیں تو بین الاقوامی سطح پر غیر ملکی سرمایہ کاروں کے سامنے ہمارے ملک کا معاشی وقار مجروح ہوتا ہے۔ غریب کی قناعت اور امیر کے اسراف کا یہی توازن تو ہماری معیشت کا پہیہ چلا رہا ہے۔ غریب کو چاہیے کہ وہ اپنی پیاس کو حب الوطنی کے ترانے گا کر بجھائے اور امیر کی امارت کو دیکھ کر اپنی آنکھوں میں ٹھنڈک کا احساس پیدا کرے۔" پروفیسر صاحب ابھی اپنے اس جدید معاشی اور ماحولیاتی فلسفے کے فضائل بیان کر ہی رہے تھے کہ اچانک محکمۂ آب رسانی کے انسپکٹر، داروغہ زر جل داس، ایک موٹی سی چالان بک بغل میں دبائے نمودار ہوئے۔ داروغہ جی کا اپنا شکم اور طول و عرض اس بات کی کھلی گواہی دے رہے تھے کہ انہوں نے محکمے کا سارا پانی اور بجٹ اپنے اندر ذخیرہ کر رکھا ہے۔ انہوں نے سیٹھ سمندر داس کے چھلکتے ہوئے سوئمنگ پول اور بھیگتے ہوئے کتوں کی طرف یکسر پیٹھ کرتے ہوئے، سیدھے پنڈت سوکھا رام کی طرف پیش قدمی کی اور ان کے ہاتھ سے وہ ایک لیٹر والی بوتل چھین لی۔ داروغہ زر جل داس نے اپنا لال قلم نکالا اور پنڈت جی پر "قومی آبی ذخائر کی غیر قانونی ذخیرہ اندوزی" کا پرچہ کاٹ دیا۔ داروغہ جی کا استدلال نہایت سادہ، قانونی اور سفاک تھا کہ جب ملک کا سارا پانی عالی جاہوں کے کارخانوں اور سروروں کے لیے وقف ہو چکا ہے، تو ایک عام شہری کو یہ ایک لیٹر پانی بھی اپنے پاس رکھنے یا اس میں نہانے کا کیا حق ہے؟ ریاست کی نظر میں یہ بوتل غسل کا سامان نہیں، بلکہ ملکی وسائل پر غاصبانہ قبضہ ہے۔ شام کے سائے گہرے ہونے لگے تھے اور مجمع بھی اب مکمل طور پر چھٹ چکا تھا۔ پروفیسر گیانیش کمار شرما اپنے کارپوریٹ فلسفے کی مخصوص سائنسی مسکراہٹ لبوں پر سجائے رخصت ہو چکے تھے، جبکہ داروغہ زر جل داس وہ ایک لیٹر کی بوتل بطور مالِ مقدمہ ضبط کیے، کسی فاتح کی مانند فخریہ انداز میں روانہ ہو چکے تھے۔ اب چوراہے کے عین وسط میں صرف پنڈت سوکھا رام تنہا کھڑے تھے۔ ان کے تمام بدن پر ملا ہوا صابن اب سوکھ کر پاپڑ ہو چکا تھا اور ان کی کھال کو یوں بے دردی سے جکڑ رہا تھا جیسے کوئی اژدہا اپنے شکار کے گرد کنڈلی مار کر اسے بھینچ رہا ہو۔ پانی کی وہ ادھوری بوتل، جو ان کی واحد امید تھی، اب سرکاری قبضے میں جا چکی تھی۔ پنڈت جی نہایت حسرت سے اپنے خشک اور کھنچتے ہوئے وجود کو دیکھ رہے تھے، اور انہیں یہ سفاک حقیقت سمجھ آرہی تھی کہ اب اگر وہ صابن دھونے کے لیے پانی مانگیں گے تو سیدھے دیش دروہی قرار پائیں گے۔ لہٰذا، صابن کے اس سفید، کھردرے اور خارش زدہ غلاف میں ملبوس، پنڈت جی نے خود کو قناعت پسندی کا ایک زندہ مجسمہ تسلیم کرلیا۔ اب ان کے پاس دو ہی منطقی راستے بچے تھے: یا تو وہ اسی حالت میں کھڑے رہ کر ساون کی پہلی بارش کا انتظار کریں، یا پھر رات کی تاریکی میں چپکے سے سیٹھ سمندر داس کے محل کے باہر جا کر کھڑے ہوجائیں، اس امید پر کہ شاید سیٹھ صاحب کا کوئی ولایتی کتا اپنا بھیگا ہوا بدن جھٹکے، اور اس سے اڑنے والے چند قطرے پنڈت جی کی طہارت اور حب الوطنی دونوں کو بچا لیں۔

رابطہ: 8275232355

☆☆☆

# بشیر بدر کی شاعری میں احساس اور انسان دوستی کا شعری منظرنامہ

محمد عارف انصاری

بشیر بدر (15 فروری 1935ء – 28 مئی 2026ء) اردو ادب کے ممتاز شاعر، نقاد اور استاد تھے۔ ان کی پیدائش اتر پردیش میں ہوئی اور انہوں نے اعلیٰ تعلیم علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ سے حاصل کی۔ بعد ازاں تدریسی اور ادبی خدمات سے وابستہ رہے۔ 1987ء کے میرٹھ فسادات میں ان کا گھر اور نایاب مسودات جل گئے، جس کے بعد وہ بھوپال منتقل ہوگئے۔ انہیں پدم شری سمیت متعدد قومی اور ادبی اعزازات سے نوازا گیا۔ 28 مئی 2026ء کو عیدالاضحیٰ کے دن بھوپال میں ان کا انتقال ہوا۔ ان کی غزلوں نے نہ صرف اردو شاعری کو نئی مقبولیت بخشی بلکہ انہیں اپنے عہد کے سب سے زیادہ پڑھے اور یاد کیے جانے والے شاعروں میں شامل کردیا۔ ان کی وفات اردو ادب کے لیے ایک بڑا نقصان تھی، تاہم ان کا ادبی سرمایہ آنے والی نسلوں کے لیے ہمیشہ مشعلِ راہ رہے گا۔ بشیر بدر اردو غزل کی اُس روشن روایت کے نمائندہ شاعر ہیں جنہوں نے



محبت، تنہائی، زمانے کی بے حسی، انسانی رشتوں کی شکست و ریخت اور بدلتے ہوئے معاشرتی رویّوں کو نہایت سادہ مگر اثر انگیز انداز میں پیش کیا۔ ان کی شاعری میں نہ تو مصنوعی فلسفہ ہے اور نہ ہی پیچیدہ لفظیات کا بوجھ، بلکہ ایک ایسی نرم، رواں اور دل نشین زبان ہے جو سیدھے دل میں اترتی محسوس ہوتی ہے۔ بشیر بدر نے زندگی کے عام تجربات کو اس فن کاری سے شعر میں ڈھالا کہ وہ ہر عہد اور ہر طبقے کے قاری کی آواز بن گئے۔ ان کی غزلوں میں محبت کی لطافت بھی ہے، شکستہ خوابوں کی کسک بھی، معاشرتی رویّوں پر طنز بھی اور انسانی قدروں کی بازیافت کی خواہش بھی۔ یہی سبب ہے کہ ان کی شاعری صرف ادبی حلقوں تک محدود نہیں رہی بلکہ عوامی حافظے کا حصہ بن گئی۔ بشیر بدر کی شاعری صرف فرد کے جذبات تک محدود نہیں بلکہ اجتماعی کرب، انسانی دکھ اور تہذیبی سانحات کی بھی بھرپور عکاس ہے۔ وہ صرف ذاتی محبت کے شاعر نہیں بلکہ انسانیت کے دکھ درد کے شاعر بھی ہیں۔ اسی لیے ان کے اشعار میں فرد کے غم کے ساتھ ساتھ معاشرے کی بے حسی، ٹوٹتے ہوئے انسانی رشتوں اور اجتماعی کرب کی بازگشت بھی سنائی دیتی ہے۔ ان کا یہ شہرۂ آفاق شعر:

لوگ ٹوٹ جاتے ہیں ایک گھر بنانے میں
تم ترس نہیں کھاتے بستیاں جلانے میں

فسادات، جنگ، نفرت اور انسانی بے حسی کے خلاف ایک بھرپور احتجاج کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس میں "گھر" صرف اینٹ پتھر کی عمارت نہیں بلکہ خواب، محبت، محنت اور نسلوں کی امیدوں کی علامت ہے۔ بشیر بدر نے انسانی احساسات کی گہرائی سے اس شعر کو ایک ایسی آفاقی معنویت عطا کی ہے جو ہر عہد کے مظلوم انسان کی آواز بن جاتی ہے۔ بعد کے زمانے میں یہ شعر اجتماعی تباہ کاریوں کے تناظر میں غیر معمولی اہمیت اختیار کرگیا، جہاں بکھری ہوئی انسانی زندگی، خوف اور عدمِ تحفظ کے احساسات اس کے مفہوم کو مزید وسعت دیتے ہیں۔ اس طرح یہ شعر محض ایک انفرادی تجربے کا اظہار نہیں رہتا بلکہ انسانی تاریخ کے مختلف المیوں کی علامت بن جاتا ہے اور سماجی شعور و انسانی ہمدردی کا مؤثر استعارہ بن کر سامنے آتا ہے۔ بشیر بدر کے ہاں محبت ایک نہایت وسیع اور انسانی جذبے کے طور پر سامنے آتی ہے۔ ان کے نزدیک محبت محض رومانوی کیفیت نہیں بلکہ انسان کو بہتر بنانے والی قوت ہے۔ اسی لیے ان کی شاعری میں محبت کو انسان دوستی، رواداری اور باہمی تعلقات کے استحکام کا سرچشمہ قرار دیا گیا ہے۔ ان کا شعر:

یوں ہی بے سبب نہ پھرا کرو کوئی شام گھر میں رہا کرو
وہ غزل کی سچی کتاب ہے اسے چپکے چپکے پڑھا کرو

محبت کے تہذیبی اور لطیف پہلو کو اجاگر کرتا ہے۔ اس شعر میں محبوب کو "غزل کی سچی کتاب" کہنا نہایت خوبصورت استعارہ ہے، جو محبت کو ادب، جمال اور روحانی لطافت سے جوڑ دیتا ہے۔ بشیر بدر کی محبت شور و غوغا کی نہیں بلکہ خاموش احساس، تہذیب اور باطنی وابستگی کی محبت ہے۔ ان کی غزلوں میں محبت انسانی شخصیت کی تکمیل کا ذریعہ بن کر سامنے آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے اشعار نوجوانوں سے لے کر سنجیدہ ادبی حلقوں تک سب میں مقبول ہیں۔ بشیر بدر جدید شہری زندگی کے بدلتے ہوئے رویّوں اور انسانوں کے درمیان بڑھتی ہوئی دوریوں کو بھی نہایت گہرائی سے محسوس کرتے ہیں۔ ان کی شاعری میں اس سماجی تبدیلی کے نتیجے میں پیدا ہونے والی تنہائی، بے اعتمادی اور جذباتی خلا کی واضح عکاسی ملتی ہے۔ ان کا یہ مشہور شعر:

کوئی ہاتھ بھی نہ ملائے گا جو گلے ملوگے تپاک سے
یہ نئے مزاج کا شہر ہے ذرا فاصلے سے ملا کرو

جدید معاشرے کی سرد مہری، خود غرضی اور رسمی تعلقات کی بہترین تصویر ہے۔ اس شعر میں "فاصلہ" صرف جسمانی دوری نہیں بلکہ دلوں کی دوری کی علامت ہے۔ بشیر بدر نے بڑے سادہ لفظوں میں پورے عہد کی نفسیات بیان کردی ہے۔ جدید انسان بظاہر ترقی یافتہ ضرور ہوا ہے، مگر جذباتی طور پر تنہا اور خوف زدہ بھی ہو چکا ہے۔ ان کی شاعری اسی داخلی و سماجی بحران کی آئینہ دار ہے، جہاں تعلقات کی گرمی ماند پڑتی جا رہی ہے اور انسان ہجوم میں رہ کر بھی اجنبی محسوس کرتا ہے۔ بشیر بدر کی شاعری میں امید اور محبت کے ساتھ ساتھ روحانی وقار بھی موجود ہے۔ وہ انسان کو غرور، خود پسندی اور طاقت کے نشے سے بچنے کی تلقین کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک حقیقی عظمت عاجزی، اخلاقی بلندی اور انسانوں کے ساتھ حسنِ سلوک میں پوشیدہ ہے، نہ کہ ظاہری جاہ و منصب میں۔ ان کا یہ شعر:

خدا ہم کو ایسی خدائی نہ دے
کہ اپنے سوا کچھ دکھائی نہ دے

انسانی انکسار اور اخلاقی شعور کا بہترین اظہار ہے۔ اس شعر میں شاعر نے اقتدار، شہرت اور انا کے خطرناک پہلوؤں کی طرف اشارہ کیا ہے۔ بشیر بدر کے نزدیک انسان کی اصل عظمت عاجزی، محبت اور دوسروں کے احساس میں پوشیدہ ہے۔ ان کی شاعری انسان دوستی، رواداری اور اخلاقی توازن کا درس دیتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے اشعار صرف جذباتی نہیں بلکہ فکری اور اخلاقی سطح پر بھی قاری کو متاثر کرتے ہیں۔ بشیر بدر کی شاعری میں انسان دوستی، محبت اور امن کا پیغام بڑی قوت کے ساتھ موجود ہے۔ وہ نفرت، تعصب اور دشمنی کے ماحول میں محبت کے چراغ روشن رکھنے کی بات کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک انسانوں کے درمیان ربط، احترام اور خیر خواہی ہی ایک بہتر اور پُرامن معاشرے کی بنیاد فراہم کر سکتے ہیں۔ ان کا شعر:

نئے دور کے نئے خواب ہیں نئے موسموں کے گلاب ہیں
یہ محبتوں کے چراغ ہیں انہیں نفرتوں کی ہوا نہ دے

آج کے عہد کے لیے ایک اہم سماجی اور اخلاقی پیغام کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس شعر میں شاعر نے نئی نسل کے خوابوں، امنگوں اور محبتوں کو نازک چراغوں سے تشبیہ دی ہے جنہیں نفرت، تعصب اور تنگ نظری کی آندھی سے محفوظ رکھنا ضروری ہے۔ بشیر بدر کے نزدیک محبت محض ایک جذباتی کیفیت نہیں بلکہ انسانی معاشرے کی تعمیر اور بقا کی بنیادی قوت ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اگر انسان محبت، برداشت اور رواداری کے اصولوں کو فراموش کر دے تو معاشرہ روحانی اور اخلاقی زوال کا شکار ہوجاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری انسانوں کے درمیان قربت، ہم آہنگی اور باہمی احترام کو فروغ دینے کی ایک مسلسل کوشش کے طور پر سامنے آتی ہے۔ مجموعی طور پر بشیر بدر کی شاعری انسانی احساسات، سماجی شعور، محبت، انسان دوستی اور اخلاقی قدروں کا نہایت لطیف اور متوازن امتزاج پیش کرتی ہے۔ انہوں نے سادہ مگر تہہ دار زبان اور عام فہم اسلوب کے ذریعے زندگی کے بڑے سوالات اور انسانی تجربات کو شعری قالب عطا کیا۔ ان کے کلام میں ایک طرف محبت کی نرمی، دلکشی اور جمالیاتی حسن جلوہ گر ہے تو دوسری طرف معاشرتی بے حسی، انسانی رشتوں کے زوال اور اجتماعی کرب کی بازگشت بھی سنائی دیتی ہے۔ یہی فکری ہمہ گیری ان کی شاعری کو محض جذباتی اظہار کے بجائے ایک بامعنی تہذیبی اور فکری تجربہ بنا دیتی ہے۔ بشیر بدر نے غزل کو محض عشقیہ وارداتوں تک محدود نہیں رہنے دیا بلکہ اسے جدید انسان کے داخلی انتشار، سماجی اضطراب اور اخلاقی حسیت کی ترجمان آواز بنا دیا۔ ان کی وفات کے بعد بھی ان کا شعری سرمایہ اپنی پوری تابانی کے ساتھ اردو ادب کے افق پر روشن ہے، گویا وہ جسمانی طور پر ہم سے جدا ضرور ہوئے ہیں مگر ان کی شاعری کا فکری اور جذباتی آہنگ آج بھی زندہ ہے۔ ان کا کلام زمانے کی تبدیلیوں کے باوجود اپنی تازگی اور اثر پذیری برقرار رکھتا ہے اور انسانی احساس، محبت، رواداری اور انسان دوستی کی روشن روایت کا ایک دائمی استعارہ بن کر موجود رہے گا۔

رابطہ: 9572908382

# روسی میزائل اور ڈراون حملے میں یوکرین میں نو افراد ہلاک، درجنوں زخمی



ماسکو، 2 جون (یواین آئی) حکام کا کہنا ہے کہ وسیع پیمانے پر روسی میزائل اور ڈرون حملوں نے یوکرین بھر میں نو افراد کو ہلاک اور درجنوں کو زخمی کر دیا، یہ واقعات ایسے وقت میں پیش آئے جب سے چند روز قبل صدر وولودیمیر زیلنسکی نے خبردار کیا تھا کہ ماسکو "ایک بڑے نئے حملے " کی تیاری کر رہا ہے۔

ماسکو نے 2022 میں حملہ شروع کرنے کے بعد تقریباً روزانہ یوکرین پر بمباری کی ہے ، جو اکثر کیف کی طرف سے جوابی کارروائی کو بھڑکاتی رہی ہے ، جبکہ یورپ کے دوسرے جنگ عظیم کے بعد کے سب سے مہلک تنازعے کو ختم کرنے کے مذاکرات تاحال معطل ہیں۔

صحافیوں نے یوکرینی دارالحکومت میں متعدد دھماکوں کی آوازیں سنی، جہاں مقامی حکام نے کہا کہ روس نے بالیسٹک میزائلوں سے حملہ کیا، جس سے کئی علاقوں میں آگ لگ گئی اور بجلی منقطع ہوگئی۔

شہر کے میئر ویتالی کلیچکو نے کہا کہ 'دشمن کے وسیع پیمانے پر حملوں 'میں چار افراد ہلاک اور کم از کم 58 زخمی ہوئے، جن میں دو بچے بھی شامل ہیں۔

کلیچکو نے پہلے خبردار کرتے ہوئے کہا تھا، "شہر میں فضائی دفاعی دستے کارروائیاں کر رہے ہیں! پناہ گاہوں میں رہیں! " اے ایف پی کے صحافیوں نے اس بات کا مشاہدہ کیا کہ جب کیف کے مرکزی علاقے سے گھنا دھواں اٹھ رہا تھا تو رہائشی بیگز اور کمبل تھامے پناہ گاہوں کی طرف دوڑ رہے تھے۔ کیف شہر جنگی انتظامیہ کے سربراہ تیمور تکاچنکو نے کہا، "دشمن بالیسٹک میزائلوں سے حملہ کر رہا ہے۔" دیگر مقامات سے بھی میزائل اور ڈراون حملوں کی اطلاعات ہیں۔

دنیپر وشہر کے گورنر اولیکسانڈر گنوا نے کہا کہ ایک روسی حملے میں پانچ افراد ہلاک اور 25 زخمی ہوئے، جن میں سے تین کی حالت نازک ہے۔ شہر خارکیف کے میئر ایگور تیرخوف کے مطابق، وہاں دس افراد، جن میں ایک بچہ بھی شامل ہے ، زخمی ہوئے ۔ حملے کے دوران پولینڈ کی فضائیہ نے ایکس پر کہا کہ اس نے پولینڈ کی فضائی حدود کے دفاع کے لیے طیارے متحرک کردیے ہیں۔

یوکرینی فضائیہ نے میزائل خطرات کے بارے میں وارننگ جاری کیں، جبکہ کیف میں حکام نے یوکرینی فضائی حدود میں ڈرونز کی موجودگی کی وارننگ دی۔ 'اپنی جانیں بچائیں 'ادھر، علاقائی گورنر الیگزینڈر خنشتین نے کہا کہ یوکرین کی سرحد کے جوار میں واقع روس کے کورسک علاقے میں ایک یوکرینی ڈرون حملے میں ایک شخص ہلاک ہوگیا ہے۔ ایک اور ڈرون نے جنوب مغربی شہر کراسنودار میں ایک تیل صاف کرنے کی فیکٹری میں آگ لگا دی، اس کے آپریشنل ہیڈکوارٹرز نے ٹیلیگرام پر کہا۔

یوکرین پر یہ حملے ایسے وقت میں ہوئے جب زیلنسکی نے جمعہ کو کہا تھا، "ہماری خفیہ معلومات کے مطابق روس ایک نئے بڑے حملے کی تیاری کر رہا ہے " اور لوگوں سے اپیل کی تھی کہ "اپنی جانیں بچائیں"۔

انہوں نے کہا، "براہ کرم ہوائی خبردار رہیں اور اپنی جانیں بچائیں۔ ہماری سروسز مؤثر طریقے سے کام کر رہی ہیں اور تیار ہیں؛ فضائیہ اور ہمارے آسمانوں کے دیگر محافظ ہمیشہ کی طرح چوبیس گھنٹے ڈیوٹی پر رہیں گے۔" یوکرینی صدر نے اپنے اتحادیوں سے پیٹریاٹ میزائل (Patriot) فراہم کرنے اور ان کی مالی معاونت کرنے کی اپیل دہرائی ہے ، جو روسی بالیسٹک میزائلوں کو روک سکتے ہیں۔

انہوں نے پچھلے ہفتے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور امریکی کانگریس کو لکھا، پیٹریاٹ سسٹمز کی درخواست کرتے ہوئے تا کہ وہ شدت اختیار کرنے والے روسی فضائی حملوں کا جواب دے سکیں۔ یوکرین نے بھی ہر روز ہونے والی روسی بمباری کے جواب میں مقبوضہ علاقوں اور روس پر اپنے حملے تیز کردیے ہیں۔

# سینیٹر برنی سینڈرز کی امریکی صدر ٹرمپ پر تنقید

واشنگٹن، 2 جون (یو این آئی) امریکی سینیٹر برنی سینڈرز نے امریکی صدر ٹرمپ پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران مذاکرات ناکامی پر ٹرمپ نے کہا کہ انہیں پرواہ نہیں ہے ۔ اپنے بیان میں سینیٹر برنی سینڈرز نے کہا کہ جنگ سے فوجیوں کی جانیں خطرے میں پڑسکتی ہیں، غیر قانونی جنگ کے باعث ایندھن مہنگا ہونے کا خدشہ ہے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ لاکھوں افراد پر ایندھن کی بڑھتی قیمتوں کے اثرات پڑیں گے، توقع رکھنی چاہیے کہ امریکی صدر ان باتوں کی پرواہ کرے گا۔

# خاتون پر تشدد کی ویڈیو وائرل، امریکی پولیس افسر ملازمت سے برطرف

واشنگٹن، 2 جون (یواین آئی) امریکی ریاست نارتھ کیرولینا کے شہر شیلبی میں ایک خاتون کی گرفتاری کے دوران پولیس افسر کی جانب سے مبینہ تشدد کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد متعلقہ افسر کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا۔ دروازے پر نصب کیمرے کی فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ایک پولیس افسر خاتون کو زمین پر گراتا ہے اور پھر اس پر بیٹھ کر متعدد بار مکے مارتا دکھائی دیتا ہے، ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہونے کے بعد عوامی سطح پر شدید ردِعمل سامنے آیا ہے۔ شیلبی پولیس چیف نے پریس کانفرنس میں تصدیق کی کہ ویڈیو میں نظر آنے والے افسر کو برطرف کر دیا گیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ابتدائی داخلی تحقیقات مکمل ہونے کے بعد معاملہ مزید جائزے کے لیے ریاستی تحقیقاتی ادارے کے سپرد کر دیا گیا ہے تا کہ کسی ممکنہ فوجداری خلاف ورزی کا آزادانہ جائزہ لیا جا سکے ۔ تشدد کا نشانہ بننے والی خاتون کی شناخت شیری مور کے نام سے کی گئی ہے، وہ ویڈیو میں پولیس افسر سے یہ کہتے ہوئے سنائی دیتی ہیں کہ میرے خلاف کوئی وارنٹ نہیں، آپ کیا کر رہے ہیں؟ فوٹیج کے مطابق افسر نے خاتون کو زمین پر گرا دیا اور اس کے بعد انہیں کئی بار مکے مارے، ویڈیو میں خاتون درد سے چیختی سنائی دیتی ہیں جبکہ وہ بظاہر مزاحمت کرتی ہوئی نظر نہیں آتیں۔ بعد ازاں ویڈیو میں ایک دوسرا پولیس افسر موقع پر پہنچتا ہے اور پہلے افسر کو روکنے کی کوشش کرتے ہوئے چھوڑ دو، میں سنبھال لیتا ہوں کہتا سنائی دیتا ہے۔ ویڈیو میں خاتون بار بار اپنے والد کو فون کرنے کی درخواست کرتی ہیں اور یہ بھی کہتی سنائی دیتی ہیں کہ میں اپنی دوائیں استعمال نہیں کر سکی۔ جیل ریکارڈ کے مطابق شیری مور پر غیر قانونی داخلے ، گرفتاری میں مزاحمت اور سرکاری اہلکار پر حملے کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔

# حزب اللہ نے باہمی جنگ بندی کی امریکی تجویز قبول کرلی

واشنگٹن، 2 جون (یو این آئی) واشنگٹن میں لبنانی سفارتخانے کا کہنا ہے کہ حزب اللہ نے باہمی جنگ بندی کی امریکی تجویز قبول کرلی ہے ۔ لبنانی سفارتخانے نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حزب اللہ نے جنگ بندی کو توسیع دے کر لبنان کے تمام علاقوں میں نافذ کرنے کی تجویز قبول کی ہے ۔ لبنانی سفارتخانے کے مطابق ابتدائی مرحلے میں اسرائیل بیروت کے جنوبی علاقوں پر حملوں سے گریز کرے ۔ دوسری جانب حزب اللہ کے رکنِ پارلیمان حسن فضل اللہ نے کہا ہے کہ حزب اللہ پورے لبنان میں مکمل جنگ بندی کی حمایت کرے گی، یہ اسرائیلی فوج کے انخلا کے لیے ابتدائی قدم ہوگا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ آنے والے دنوں میں جائزہ لیں گے کہ جنگی کارروائیوں کا خاتمہ مؤثر طور پر نافذ ہوتا ہے یا نہیں۔ واضح رہے کہ ایران کی طرف سے امریکہ سے رابطے معطل کرنے کے بعد امریکی صدر ٹرمپ نے نیتن یاہو سے ہنگامی رابطہ کیا تھا اور ٹرمپ نے لبنان میں اسرائیلی کارروائیاں روکنے کا اعلان کیا تھا۔ ٹروتھ سوشل پر اپنے بیان میں ٹرمپ نے کہا کہ بیروت کی جانب کوئی فوج نہیں بھیجی جائے گی اور جو فوجی دستے روانہ ہو چکے ہیں انہیں واپس موڑ دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اعلیٰ سطح کے نمائندوں کے ذریعے ان کا حزب اللہ کے ساتھ بھی بہت اچھا رابطہ ہوا، جس میں جنگ بندی پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ٹرمپ کے مطابق اس مفاہمت کے تحت اسرائیل حزب اللہ پر حملہ نہیں کرے گا اور حزب اللہ بھی اسرائیل پر حملہ نہیں کرے گی۔ تاہم اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیلی فوج جنوبی لبنان میں منصوبے کے مطابق اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی۔

# لبنان پر حملے بند نہ ہوئے تو سنگین نتائج ہوں گے: ابراہیم عزیزی

تہران، 2 جون (یو این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کی نیشنل سیکیورٹی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی نے کہا ہے کہ لبنان پر حملے بند نہ ہوئے تو سنگین نتائج ہوں گے۔

انہوں نے کہا کہ صہیونی حکومت اور امریکی افواج کو خبردار کرتے ہیں، یہ لوگ بخوبی جانتے ہیں کہ یہ کھوکھلی دھمکی نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران فوجی جواب دینے کے لئے مکمل طور پر تیار ہیں، خطے میں امریکی افواج بھی نتائج بھگتیں گی۔

# اب اسرائیل کا کوئی فوجی دستہ بیروت نہیں جائے گا، ٹرمپ



واشنگٹن، 2 جون (یو این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ اسرائیل کے وزیراعظم نیتن یاہو کے ساتھ کال پر نتیجہ خیز بات ہوئی۔ ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں صدر ٹرمپ نے لکھا کہ اب اسرائیل کا کوئی فوجی دستہ بیروت نہیں جائے گا اور اسرائیل کے جو بھی فوجی دستے راستے میں تھے وہ واپس لوٹ گئے ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ اعلیٰ سطح نمائندوں کے ذریعے حزب اللہ کیساتھ بھی اچھی بات چیت ہوئی، حزب اللہ نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ تمام فائرنگ بند ہو جائے گی اسرائیل ان پر حملہ نہیں کرے گا اور وہ بھی نہیں کریں گے۔

اس سے قبل این بی سی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایرانی کی جانب سے مذاکرات معطل کرنے کی کوئی اطلاع نہیں ملی، ایرانی خاموشی پر کوئی اعتراض نہیں ہم انتظار کرنے کے لیے تیار ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ ایران نے مذاکرات کی معطلی سے متعلق ہمیں باقاعدہ مطلع نہیں کیا اور مذاکرات معطلی کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ہم وہاں بمباری شروع کر دیں گے۔ صدر ٹرمپ نے واضح کیا کہ ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی بدستور برقرار رکھی جائے گی۔ ایرانی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے احتجاجاً امریکا کے ساتھ پیغامات کا تبادلہ روک دیا ہے ۔ ایرانی میڈیا کے مطابق حکام نے غزہ اور لبنان میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں کی مذمت کرتے ہوئے لبنان کے مقبوضہ علاقوں سے اسرائیل کے مکمل انخلا کا مطالبہ کیا ہے۔ ایرانی حکام کا کہنا ہے موجودہ صورتحال میں مذاکرات کا امکان نہیں، اسرائیل اور اس کے حامیوں کو جوابدہ بنایا جائے گا۔ ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ اب آبنائے ہرمز مکمل طور پر بند کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا اور باب المندب سمیت دیگر تمام محاذ فعال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

# اقوام متحدہ دیوالیہ پن کے دہانے پر

## امریکہ اور چین نے اربوں ڈالر کی ادائیگیاں روک دیں

اقوام متحدہ، 2 جون (یو این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے خبردار کیا ہے کہ ادارہ دیوالیہ پن کی دوڑ میں داخل ہو چکا ہے اور اگست کے وسط تک عالمی ادارے کے پاس نقد رقم ختم ہونے کا خطرہ ہے ۔ رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے سب سے بڑے مالی معاونین امریکہ اور چین اپنی واجب الادا رقوم کی ادائیگی میں تاخیر یا اسے روک رہے ہیں جس سے ادارے کی مالی حالت مزید بگڑ گئی ہے۔ امریکہ نے اربوں ڈالر کی ادائیگیاں نہیں کیں اور متعدد اقوام متحدہ پروگرامز اور ایجنسیوں، بشمول عالمی ادارہ صحت سے علیحدگی اختیار کی ہے، اس وقت امریکہ پر اقوام متحدہ کے تقریباً 4 ارب ڈالر واجب الادا ہیں۔ دوسری جانب چین نے بھی ادائیگیوں میں تاخیر کر کے مالی بحران کو مزید سنگین بنایا ہے ۔ چین نے حالیہ دنوں میں تقریباً 850 ملین ڈالر ادا کیے تاہم اس کے باوجود اس پر 455 ملین ڈالر باقی ہیں۔ اقوام متحدہ کی بنیادی فنڈنگ کا تقریباً 42 فیصد امریکہ اور چین سے حاصل ہوتا ہے، جس کے باعث ان دونوں ممالک کی ادائیگیوں میں خلل ادارے کے لیے شدید خطرات پیدا کر رہا ہے۔ مالی بحران کے باعث 3 ہزار ملازمتیں ختم اور کئی دفاتر بند ہو چکے ہیں جب کہ اسی طرح امن مشنز متاثر اور فوج فراہم کرنے والے ممالک کو ادائیگیاں مؤخر کر دی گئی ہیں۔

# ایران نے امریکہ کے مجوزہ حتمی منصوبے پر اب تک کوئی جواب نہیں بھیجا

تہران، 2 جون (یو این آئی) ایرانی خبر رساں ایجنسی مہر نیوز نے کہا ہے کہ ایران نے امریکہ کے مجوزہ حتمی منصوبے پر اب تک کوئی جواب نہیں بھیجا ہے۔ مہر نیوز کی ذرائع کے حوالے سے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امریکی مجوزہ منصوبے پر ایران میں بات چیت جاری ہے، امریکی تجویز کا جائزہ لیا جا رہا ہے ۔ ایرانی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ماضی کے تجربات کی بنیاد پر، ایران ٹھوس اور حقیقی فوائد حاصل کرنے کا خواہاں ہے۔

اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ میرے خیال میں آئندہ ایک ہفتے کے دوران ایران کے ساتھ معاہدہ طے پا جائے گا۔ امریکی چینل اے بی سی نیوز کو انٹرویو میں انہوں نے کہا تھا کہ معاہدے کے تحت جنگ بندی میں توسیع کی جائے گی اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ بحری آمدورفت کے لیے کھول دیا جائے گا۔

# اسرائیلی وزیراعظم کا جنوبی لبنان میں منصوبے کے مطابق کارروائیاں جاری رکھنے کا اعلان

تل ابیب، 2 جون (یو این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیلی فوج جنوبی لبنان میں منصوبے کے مطابق اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی۔ نیتن یاہو نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ انہوں نے امریکی سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو واضح طور پر آگاہ کیا ہے کہ اگر حزب اللہ نے اسرائیلی شہروں اور شہریوں پر حملے بند نہ کیے تو اسرائیل بیروت میں دہشت گرد اہداف کو نشانہ بنائے گا۔ اسرائیلی وزیراعظم نے کہا کہ ہمارا یہ مؤقف تبدیل نہیں ہوا، اسرائیلی فورسز جنوبی لبنان میں طے شدہ منصوبے کے مطابق کارروائیاں جاری رکھیں گی۔ واضح رہے کہ ایران کی طرف سے امریکہ سے رابطے معطل کرنے کے بعد امریکی صدر ٹرمپ نے نیتن یاہو سے ہنگامی رابطہ کیا تھا اور ٹرمپ نے لبنان میں اسرائیلی کارروائیاں روکنے کا اعلان کیا تھا۔ ٹروتھ سوشل پر اپنے بیان میں ٹرمپ نے کہا کہ بیروت کی جانب کوئی فوج نہیں بھیجی جائے گی اور جو فوجی دستے روانہ ہو چکے ہیں انہیں واپس موڑ دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اعلیٰ سطح کے نمائندوں کے ذریعے ان کا حزب اللہ کے ساتھ بھی بہت اچھا رابطہ ہوا، جس میں جنگ بندی پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ٹرمپ کے مطابق اس مفاہمت کے تحت اسرائیل حزب اللہ پر حملہ نہیں کرے گا اور حزب اللہ بھی اسرائیل پر حملہ نہیں کرے گی۔

# ٹرمپ کے نیتن یاہو کو پاگل کہنے کے بعد اسرائیل کا جنوبی لبنان پر حملہ



تل ابیب، 2 جون (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اسرائیلی وزیرِ اعظم کو پاگل قرار دینے اور اسرائیل حزب اللہ جنگ بندی کے اعلان کے بعد اسرائیل نے جنوبی لبنان پر حملہ کر دیا۔ رپورٹس کے مطابق فضائی کارروائی اور گولہ باری کے بعد صور میں عمارت کے ملبے سے 2 زخمیوں کو نکال لیا گیا جبکہ مروانیہ میں پورا لبنانی خاندان شہید ہو گیا۔

اس سے پہلے اسرائیلی وزیرِ اعظم نیتن یاہو سے گفتگو کے بعد امریکا کے صدر ٹرمپ نے لبنان میں اسرائیلی کارروائیاں روکنے کا اعلان کیا تھا۔ اپنے بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ بیروت میں کوئی فوج نہیں بھیجی جائے گی، جو فوجیں راستے میں تھیں انہیں واپس موڑ لیا گیا ہے ۔ بیروت کے نواحی علاقے ضاحیہ پر بمباری کی اسرائیلی دھمکی پر ایران نے امریکہ سے رابطے معطل کرنے کا اعلان کیا تھا جس پر امریکی صدر نے اسرائیلی وزیرِ اعظم سے ہنگامی رابطہ کیا۔ امریکی نیوز ویب سائٹ کے مطابق ٹرمپ فون پر نیتن یاہو سے انتہائی بدزبانی سے پیش آئے ۔ انہوں نے لبنان پر جارحیت جاری رکھنے والے اسرائیلی وزیرِ اعظم نیتن یاہو کو پاگل قرار دیا، انہیں ناشکرا بھی کہا۔ ٹرمپ نے کہا کہ میں نہ ہوتا تو تم جیل میں ہوتے ، میں تمہاری چمڑی بچا رہا ہوں، ہر شخص اب تم سے اور اسرائیل سے نفرت کرتا ہے۔

ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیلی وزیرِاعظم کو پاگل قرار دے دیا امریکی ویب سائٹ کا دعویٰ ہے کہ جواب میں نیتن یاہو اوکے ، اوکے کہتے رہے۔ ٹرمپ طیش میں نیتن یاہو پر چلائے کہ تم کیا احمقانہ کام کر رہے ہو؟ بیروت پر حملے کیے تو اسرائیل دنیا میں مزید تنہا ہو جائے گا۔ رپورٹ کے مطابق دوسری بار صدارت سنبھالنے کے بعد ٹرمپ کی یہ اسرائیلی وزیرِ اعظم کو بدترین ٹیلی فون کال ہے۔

# گرین لینڈ تنازع کے دوران میٹے فریڈرکسن تیسری بار ڈنمارک کی وزیرِ اعظم منتخب

کوپن ہیگن، 2 جون (یو این آئی) ڈنمارک میں 2 ماہ سے زائد سیاسی تعطل کے بعد سوشل ڈیموکریٹ رہنما میٹے فریڈرکسن نے نئی اقلیتی حکومت تشکیل دینے کا اعلان کر دیا ہے جس کے بعد وہ مسلسل تیسری بار وزیرِ اعظم بن گئی ہیں۔

عرب میڈیا کے مطابق مارچ میں ہونے والے عام انتخابات کے بعد کسی جماعت کو واضح اکثریت حاصل نہ ہوسکی تھی جس کے باعث حکومت سازی کا عمل طویل مذاکرات کا شکار رہا، 12 جماعتوں کے درمیان کئی ہفتوں کی مشاورت کے بعد نئی حکومت کے قیام پر اتفاق ہوا ہے ۔ انتخابات میں میٹے فریڈرکسن کی جماعت کی پارلیمانی نشستیں 50 سے کم ہو کر 38 رہ گئی تھیں جو 1903ء کے بعد اس جماعت کی کم ترین کارکردگی سمجھی جا رہی ہے۔

نئی حکومت کو سب سے بڑا چیلنج گرین لینڈ کے معاملے پر امریکہ کے ساتھ بڑھتی کشیدگی کا سامنا ہے ۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے گرین لینڈ کو امریکہ میں شامل کرنے کے بیانات کے بعد تنازع شدت اختیار کر گیا ہے۔

میٹے فریڈرکسن نے واضح کیا ہے کہ ڈنمارک اپنی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا اور گرین لینڈ پر امریکی قبضہ نیٹو کے مستقبل کے لیے خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ اس کے علاوہ حکومت کو یوکرین جنگ کے باعث یورپ کی بدلتی ہوئی سیکیورٹی صورتحال سے بھی نمٹنا ہو گا۔ ڈنمارک پہلے ہی دفاعی اخراجات کو مجموعی قومی پیداوار کے 3 فیصد سے زائد تک بڑھا چکا ہے جبکہ خواتین کے لیے فوجی بھرتی کا دائرہ بھی وسیع کیا جا چکا ہے۔

# ایک چھوٹی سی رکاوٹ پیدا ہوئی تھی، جسے جلد ہی دور کر لیا گیا: ڈونالڈ ٹرمپ

واشنگٹن، 2 جون (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات کے سلسلے میں ایک چھوٹی سی رکاوٹ پیدا ہوگئی تھی لیکن اسے دور کر لیا گیا ہے۔ اے بی سی نیوز کو ٹیلی فونک انٹرویو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے بتایا کہ انھیں امید ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ بندی میں توسیع اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے حوالے سے آئندہ ایک ہفتے کے اندر معاہدہ طے پا سکتا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ گزشتہ روز ایک چھوٹی سی رکاوٹ پیدا ہوئی تھی، جسے جلد ہی دور کر لیا گیا، ایران لبنان میں اسرائیلی حملوں پر ناراض تھا، جس کے باعث کشیدگی میں اضافہ ہو گیا تھا، تاہم میں نے متعلقہ فریقوں سے رابطہ کیا، جس کے بعد فائرنگ کا سلسلہ رک گیا۔ امریکی صدر نے کہا آئندہ ہفتے کے دوران ایران کے ساتھ معاہدہ طے پا جائے گا، معاہدے کے تحت جنگ بندی میں توسیع کی جائے گی اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ بحری آمدورفت کے لیے کھول دیا جائے گا۔ انھوں نے کہا ایران کے ساتھ امن معاہدہ کسی بھی فوجی کامیابی سے زیادہ اہم ثابت ہو سکتا ہے ۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے انٹرویو میں مذاکرات میں تعطل پر کہا کہ مذاکرات تیزی سے جاری ہیں، ایران کے پیغامات میں تعطل مسئلہ نہیں ہے، اس کا مطلب یہ نہیں کہ امریکہ فوجی کارروائی کرے، ایران کی بحری ناکہ بندی جاری رہے گی، وہ امریکہ کو منظور شرائط پر ڈیل کرے اور ہم اس وقت کا انتظار کریں گے۔

# ایرانی اسپیکر باقر قالیباف کا لبنانی ہم منصب نبی بیری سے رابطہ

تہران، 2 جون (یو این آئی) ایران کے اسپیکر اور چیف مذاکرات کار باقر قالیباف نے لبنانی ہم منصب نبی بیری سے رابطہ کیا ہے ۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق باقر قالیباف نے کہا کہ اگر اسرائیل نے لبنان پر حملے نہ روکے تو ایران نہ صرف امریکہ سے مذاکرات روک دے گا بلکہ ان حملوں کے خلاف مضبوطی سے کھڑا ہوگا۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں باقر قالیباف نے مزاحمت پائندہ باد اور وطن کا دفاع پائندہ باد لکھا، انہوں نے ایرانیوں و لبنانی عوام کی بھائی چارگی پائندہ باد بھی لکھا۔

# تائیوان کی فضائیہ کا تربیتی طیارہ گر کر تباہ، دونوں پائلٹ ہلاک

تائی پے، 2 جون (یو این آئی) تائیوان کی فضائیہ کا تربیتی طیارہ ٹی 34 گر کر تباہ ہو گیا۔

تائیوان کی وزارت دفاع نے فضائیہ کا تربیتی طیارہ گر کر تباہ ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ طیارے میں سوار دونوں پائلٹ ہلاک ہو گئے۔

تائیوان کی وزارت دفاع نے حادثے کی تفصیلات کے حوالے سے بتایا کہ حادثہ طیارے کا انجن فیل ہونے کی مشق کے دوران پیش آیا، واقعے کی تحقیقات کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دے دی گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق تین ماہ قبل بھی تائیوان کا ایک ایف سولہ لڑاکا جنگی طیارہ سمندر میں گر کر تباہ ہو گیا تھا جس کے پائلٹ کے بارے میں تاحال کچھ پتہ نہیں چل سکا ہے۔

# سوشل میڈیا سے بہتر ہے بچے سگریٹ نوشی کریں

## وزیراعظم ڈنمارک کے بیان پر بحث چھڑ گئی

کوپن ہیگن، 2 جون (یو این آئی) ڈنمارک کی وزیراعظم کے سوشل میڈیا کے بجائے بچوں کے سگریٹ نوشی کو ترجیح دینے کے بیان پر تنازع کھڑا ہو گیا۔

ڈنمارک کی وزیراعظم فریڈرکسن نے آن لائن بحث چھیڑ دی کہ وہ اپنے بچوں کو سوشل میڈیا استعمال کرنے کے بجائے سگریٹ نوشی کرنے کو ترجیح دیں گی۔ ڈنمارک کی وزیراعظم میٹ فریڈرکسن کی بچوں کے سوشل میڈیا کے استعمال کو سگریٹ نوشی سے تشبیہ دینے کی ایک ویڈیو منظر عام پر آنے کے بعد ایک شدید عالمی بحث چھیڑ دی ہے، جس میں انہوں نے اعلان کیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو سوشل میڈیا کے غیر نگرانی کے استعمال کے بجائے سگریٹ نوشی کرنے کو ترجیح دیں گی۔

یہ ریمارکس اصل میں اس ماہ کے شروع میں مصنوعی ذہانت اور بچوں کی حفاظت سے متعلق ایک کانفرنس میں دیے گئے تھے، لیکن وہ اس ہفتے سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئے جس پر شدید تنقید اور بھرپور حمایت کی گئی۔ فریڈرکسن نے اپنے خطاب کے دوران کہا کہ "اگر آج میرے چھوٹے بچے ہوتے ، تو میں انہیں سگریٹ نوشی کرنے دیتیں بجائے سوشل میڈیا پر اکیلے رہنے کے ۔"

فریڈرکسن نے اشتعال انگیز تقابل کا یہ دلیل دے کر دفاع کیا کہ معاشرہ ڈیجیٹل دور کے منفرد خطرات کو پہچاننے میں ناکام ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے ساتھ کچھ غلط ہے ہم اب بھی پرانے خطرات کو دیکھتے ہیں، لیکن ایک نیا خطرہ ہے اور یہ بہت زیادہ موجود ہے۔

وزیراعظم طویل عرصے سے بڑی ٹیک کمپنیوں کے سخت ناقد رہے ہیں۔ ڈنمارک کی پارلیمنٹ سے پچھلے خطاب میں، انہوں نے متنبہ کیا کہ قانون ساز بچوں کی ڈیجیٹل زندگیوں کو ایسے پلیٹ فارمز کے ہاتھ میں چھوڑ کر بے لگام کر رہے ہیں جو ان کی فلاح و بہبود کو ترجیح نہیں دیتے اور "ڈیجیٹل قید سے کمیونٹی کی طرف" تبدیلی کا مطالبہ کرتے ہیں۔

# امریکہ کے آئیووا ایک شخص نے فائرنگ کر کے خاندان کے 6 افراد کو قتل کر کے خودکشی کر لی

واشنگٹن، 2 جون (یو این آئی) امریکی ریاست آئیووا میں ایک شخص نے فائرنگ کر کے اپنے خاندان کے 6 افراد کو قتل کر کے خودکشی کر لی۔ پولیس کے مطابق 4 لاشیں ایک گھر سے اور مزید 2 لاشیں قریبی مقامات سے ملیں، مقتولین میں 2 بچے بھی شامل ہیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ فائرنگ کا واقعہ گھریلو تنازع کا نتیجہ تھا، تاہم واقعے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق حملہ آور کی شناخت 52 سالہ ریان فیلس مکفار لینڈ کے نام سے ہوئی ہے جبکہ پولیس کا کہنا ہے کہ مبینہ ملزم کا کرمنل ریکارڈ موجود ہے تاہم حملے میں ہلاک ہونے والوں کی شناخت اور عمر واضح نہیں ہو سکی۔

# کمرشیل جہاز پر امریکی حملے کے بعد ایران نے بھی عراقی سمندر کے قریب جہاز پر کروز میزائل داغ دیا

تہران، 2 جون (یو این آئی) ایرانی کمرشیل جہاز پر امریکی حملے کے بعد ایران نے جوابی کارروائی کر دی۔ پاسدارانِ انقلاب کے مطابق عراقی سمندری حدود کے قریب امریکہ اور اسرائیل سے تعلق رکھنے والے جہاز پر کروز میزائل سے حملہ کیا ہے جس سے جہاز پر دھماکہ ہوا ہے۔ پاسدارانِ انقلاب نے خبردار کیا ہے کہ آئندہ کسی بھی حملے کا فیصلہ کن جواب دیں گے۔ دوسری جانب ایرانی پارلیمنٹ کی نیشنل سیکیورٹی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی کا کہنا ہے کہ لبنان پر حملے بند نہ ہوئے تو سنگین نتائج ہوں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ صہیونی حکومت اور امریکی افواج کو خبردار کرتے ہیں، یہ لوگ باخوبی جانتے ہیں کہ یہ کھوکھلی دھمکی نہیں ہے، ایران فوجی جواب دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔

# اسرائیلی کارروائیوں پر مزاحمتی محور ردعمل دے گا: اسماعیل قانی

تہران، 2 جون (یو این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب قدس فورس کے کمانڈر اسماعیل قانی نے کہا ہے کہ لبنان اور غزہ میں اسرائیلی کارروائیاں مزاحمتی محور کو ردعمل پر مجبور کر دیں گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ محور مزاحمت باب المندب کی بحری ٹریفک کے ساتھ وہی کر سکتا ہے جو صورتحال آبنائے ہرمز کی ہے ۔ دوسری جانب ایرانی پارلیمنٹ کی نیشنل سیکیورٹی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی کا کہنا ہے کہ لبنان پر حملے بند نہ ہوئے تو سنگین نتائج ہوں گے ۔ انہوں نے کہا کہ صہیونی حکومت اور امریکی افواج کو خبردار کرتے ہیں، یہ لوگ بخوبی جانتے ہیں کہ یہ کھوکھلی دھمکی نہیں ہے، ایران فوجی جواب دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔

# اسرائیل نے لبنان پر حملے جاری رکھے تو امریکہ سے مذاکرات روک دیں گے : ایرانی اسپیکر

تہران، 2 جون (یو این آئی) ایران کے اسپیکر اور چیف مذاکرات کار باقر قالیباف نے کہا ہے کہ اسرائیل نے لبنان پر حملے جاری رکھے تو امریکہ سے مذاکرات روک دیں گے۔

ایرانی پاسداران انقلاب قدس فورس کے کمانڈر اسماعیل قانی نے کہا ہے کہ لبنان اور غزہ میں اسرائیلی کارروائیاں مزاحمتی محور کو ردعمل پر مجبور کر دیں گی، محور مزاحمت باب المندب کی بحری ٹریفک کے ساتھ وہی کر سکتا ہے جو صورتحال آبنائے ہرمز کی ہے۔

ادھر ایرانی پارلیمنٹ کی نیشنل سیکیورٹی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی کا کہنا تھا کہ لبنان پر حملے بند نہ ہوئے تو سنگین نتائج ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صیہونی حکومت اور امریکی افواج کو خبردار کرتے ہیں کہ یہ کھوکھلی دھمکی نہیں ہے، ایران فوجی جواب دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے ، خطے میں امریکی افواج بھی نتائج بھگتیں گی۔

# پینٹاگون کے پریس آفس میں صحافیوں کے داخلے پر پابندی عائد

واشنگٹن، 2 جون (یو این آئی) امریکی محکمۂ دفاع نے صحافیوں کے اپنے پریس آفس میں داخلے پر پابندی عائد کر دی۔

پینٹاگون کے قائم مقام پریس سیکریٹری جوئل والڈیز کے مطابق پریس آفس کے حکومت کی خفیہ معلومات تک رسائی کے لیے استعمال ہونے کی وجہ سے اب انتظامیہ نے اسے 'حساس کمپارٹمنٹڈ انفارمیشن فیسیلٹی ' کے طور پر نامزد کر دیا ہے۔

اُنہوں نے مزید بتایا کہ یہی وجہ ہے کہ اب صحافیوں کو آفس میں داخلے کی اجازت نہیں ہو گی، تاہم صحافیوں کو وزیرِ جنگ کے معاون کے دفتر اور پریس سیکریٹری تک رسائی دستیاب ہو گی مگر اس کے لیے بھی اپوائنٹمنٹ کی ضرورت ہو گی۔

امریکہ کے نیشنل پریس کلب نے پینٹاگون کی جانب سے عائد کی گئی ان پابندیوں کی شدید مذمت کی ہے۔

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Wednesday, 3rd June, 2026

روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
بدھ، ۳ رجون ۲۰۲۶ء





# آئرلینڈ کی ویسٹ انڈیز پر پہلی ٹی 20- فتح: اورلا پرینڈرگاسٹ کا آل راؤنڈر دھماکہ




ڈبلن، 2جون (یواین آئی) اورلا پرینڈرگاسٹ کی شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کی بدولت آئرلینڈ کی خواتین کرکٹ ٹیم نے ٹی 20-انٹرنیشنل میں ویسٹ انڈیز کے خلاف اپنی پہلی تاریخی جیت درج کرلی ہے ۔ پرینڈرگاسٹ نے پہلے گیند بازی میں کمال دکھایا اور پھر ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے 71رنوں کی ناقابلِ شکست اننگز کھیلی۔ اس سنسنی خیز سہ فریقی سیریز کے مقابلے میں آئرلینڈ نے ڈک ورتھ لوئس طریقہ کار کے تحت ویسٹ انڈیز کو محض ایک رن سے شکست دے کر فائنل میں پہنچنے کی اپنی امیدوں کو مضبوط کرلیا ہے۔

ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز کی شروعات انتہائی مایوس کن رہی۔ آئرش گیند باز ایوا کیتنگ نے پاور پلے میں ہی دو اہم وکٹیں لے کر ویسٹ انڈیز کو دباؤ میں ڈال دیا۔ پانچ اوورز کے اندر ہی اوپری بلے بازی کا شیرازہ بکھرنے کی وجہ سے کیریبین ٹیم رنز کی رفتار بڑھانے کے لیے جدوجہد کرتی نظر آئی۔ آخری اوورز میں نچلے نمبر کے بلے بازوں کی بدولت ویسٹ انڈیز مقررہ 20اوورز میں 141رن بنانے میں کامیاب رہا۔

142رنوں کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے آئرلینڈ کی شروعات بھی بھیانک رہی۔ ویسٹ انڈیز کی شانشا ہیکٹر نے تباہ کن گیند بازی کرتے ہوئے اننگز کی پہلی چار گیندوں کے اندر ہی آئرلینڈ کے دونوں اوپنرز کو پویلین کی راہ دکھادی۔ اس کٹھن موڑ پر اورلا پرینڈرگاسٹ کریز پر آئیں اور انہوں نے جارحانہ انداز اپناتے ہوئے میچ کا رخ بدل دیا۔ 14 اوورز کے بعد آئرلینڈ کا اسکور 5وکٹ پر 95رن تھا، جس میں اکیلے پرینڈرگاسٹ کے 71رنز شامل تھے، اور اس وقت آئرلینڈ ڈی ایل ایس (DLS) پار اسکور سے 3رن پیچھے تھا۔

اسی دوران آسمان پر کالے بادل چھا گئے اور امپائرز نے بارش شروع ہونے سے قبل ایک آخری گیند کرانے کا فیصلہ کیا۔ لوئس لٹل نے اس گیند پر ڈرامائی انداز میں شاندار چوکا جڑ دیا۔ اگلی ہی گیند پر بارش تیز ہوگئی اور کھلاڑیوں کو میدان سے باہر جانا پڑا۔ اس چوکے کی بدولت آئرلینڈ ڈی ایل ایس میتھڈ کے تحت ویسٹ انڈیز سے ایک رن آگے نکل چکا تھا، اور دوبارہ کھیل ممکن نہ ہونے کی وجہ سے آئرلینڈ کو فاتح قرار دے دیا گیا۔

# عالمی کپ کی تیاریاں: ترکیہ نے دوستانہ میچ میں شمالی مقدونیہ کو 0-4 سے رونڈ ڈالا



استنبول، یکم جون (یواین آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 کی تیاریوں کا جاندار آغاز کرتے ہوئے ترکیہ کی فٹ بال ٹیم نے استنبول میں کھیلے گئے ایک یکطرفہ دوستانہ مقابلے میں شمالی مقدونیہ کو 0-4 سے عبرت ناک شکست دے دی۔ ہوم گراؤنڈ پر کھیلے گئے اس میچ میں ترکیہ کے کھلاڑی چھائے رہے اور چار مختلف کھلاڑیوں نے گول داغ کر ٹیم کی فتح میں اپنا حصہ ڈالا۔ استنبول کے علاقے قاضی کوئے کے شکرو سراج اوغلو اسٹیڈیم میں مقامی شائقین کے سامنے کھیلتے ہوئے ترکیہ نے میچ کے آغاز سے ہی حریف ٹیم پر دباؤ بنالیا۔ میچ کے بالکل پہلے منٹ میں جان اوزون کی ہٹ گول پوسٹ کے اوپری حصے (کراس بار) سے ٹکرا گئی۔ تاہم، اس کے فوراً بعد اوغوز ایدن کے بہترین پاس پر اورکون کوکچو نے شاندار گول کر کے میزبان ٹیم کو ابتدائی برتری دلا دی۔ ترکیہ کی جانب سے حملوں کا یہ سلسلہ پہلی اننگز میں مسلسل جاری رہا۔ میچ کے 16ویں منٹ میں جان اوزون نے پنالٹی ایریا کے باہر سے ایک انتہائی خوبصورت اور نپی تلی ہٹ لگائی، جو گول پوسٹ سے ٹکراتی ہوئی نیٹ میں چلی گئی، اور ترکیہ کی برتری کو 0-2 کردیا۔

فرسٹ ہاف کے اختتام سے کچھ دیر پہلے شمالی مقدونیہ کو گول کرنے کا ایک سنہری موقع ملا، لیکن ترکیہ کے گول کیپر التائے بایندیر نے عزجان الیوسکی کے خطرناک وار کو ناکام بنا کر حریف ٹیم کی امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ دوسرے ہاف میں بھی ترکیہ نے اپنے اسی جارحانہ انداز کو برقرار رکھا۔ میچ کے 53ویں منٹ میں پہلی اننگز کے ہیرو جان اوزون نے اس بار گول کرنے کے بجائے بہترین پاسر کا کردار ادا کیا اور ان کے کراس پر دنائز گل نے شاندار ہیڈر کے ذریعے گیند کو گول پوسٹ میں پہنچا کر اسکور 0-3 کر دیا۔ میچ کا چوتھا اور آخری گول 70ویں منٹ میں دیکھنے کو ملا۔ اردا گولر اور عرفان جان کا ہوچی کے درمیان پاسز کے بہترین تال میل کے بعد، باریش الپر یلماز نے انتہائی قریب سے گیند کو جال کی راہ دکھا کر اسکور 0-4 کر دیا، جو میچ کے اختتام تک برقرار رہا۔ اس شاندار اور یکطرفہ فتح نے ترکیہ کے ہیڈ کوچ ونچینز و مونٹیلا کو 7 جون کو وینزویلا کے خلاف ہونے والے اگلے دوستانہ میچ سے قبل کافی اعتماد اور مثبت توانائی فراہم کی ہے۔

# فرنچ اوپن: آرینا سبالینکا نے ناؤمی اوساکا کو شکست دے کر کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی

پیرس، 2جون (یواین آئی) عالمی نمبر ایک ٹینس اسٹار آرینا سبالینکا نے فرنچ اوپن میں اپنی شاندار کارکردگی کا سلسلہ برقرار رکھتے ہوئے جاپان کی ناؤمی اوساکا کو شکست دے کر کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ رولانڈ گیروس میں کھیلے گئے خواتین کے نائٹ سیشن مقابلے میں سبالینکا نے سخت مقابلے کے بعد 5-7 اور 3-6 سے کامیابی حاصل کی۔ میچ کے آغاز میں اوساکا نے جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 0-2 کی برتری حاصل کرلی، تاہم بیلاروس سے تعلق رکھنے والی سبالینکا نے جلد ہی شاندار واپسی کرتے ہوئے مقابلہ برابر کردیا۔ پہلے سیٹ کے اختتامی لمحات میں انہوں نے اہم بریک حاصل کر کے برتری اپنے نام کی۔ دوسرے سیٹ میں بھی سبالینکا نے مسلسل دباؤ برقرار رکھا اور 3-3 کی برابری کے بعد فیصلہ کن بریک حاصل کر کے کامیابی اپنے نام کی۔ کامیابی کے بعد انہوں نے شائقین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے مائیکل جیکسن کی 'مون واک ' کا مظاہرہ بھی کیا۔ کوارٹر فائنل میں سبالینکا کا مقابلہ روس کی ڈیانا اشنائیڈر سے ہوگا جنہوں نے امریکی کھلاڑی میڈیسن کیز کو شکست دی ہے۔ دوسری جانب روس کی انا کالنسکایا بھی سخت مقابلے کے بعد اناستاسیا پوٹاپووا کو ہرا کر اپنے کیریئر میں پہلی بار فرنچ اوپن کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

# ورلڈ کپ وارم اپ میچ، ناروے نے سویڈن کو 1-3 سے شکست دے دی



اوسلو، 2جون (یواین آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 کی تیاریوں کے سلسلے میں کھیلے گئے ایک دوستانہ وارم اپ میچ میں ناروے نے سویڈن کو 1-3 سے شکست دے دی ہے۔ اوسلو کے الیوال سٹیڈیم میں کھیلے گئے اس میچ میں ناروے کے اسٹار اسٹرائیکر ارلنگ ہالینڈ میچ دیکھنے کے لئے سٹینڈز میں موجود رہے جبکہ سویڈن کی جانب سے الیگزینڈر اساک نے واحد گول اسکور کیا۔

ناروے کی ٹیم نے میچ میں جارحانہ آغاز کیا اور 0-3 کی مضبوط برتری حاصل کر لی۔ ناروے کی جانب سے جورجین سٹینڈ لارسن نے 2شاندار گول کیے جبکہ ایک گول انتونیو نوسا نے سکور کیا۔ میچ کے 62ویں منٹ میں سویڈن کے فارورڈ الیگزینڈر اساک متبادل کھلاڑی کے طور پر میدان میں آئے اور اپنے عمدہ کھیل کے باعث اپنی ٹیم کے لئے واحد گول کیا۔ ۔ ورلڈ کپ کے گروپ 'آئی' میں ناروے کا مقابلہ فرانس، سینیگال اور عراق سے ہوگا، جبکہ سویڈن کی ٹیم گروپ 'ایف 'میں نیدرلینڈز، جاپان اور تیونس کے خلاف میدان میں اترے گی۔

# رافیل نڈال کے بعد ٹینس کی دنیا کو نیا 'رافا' مل گیا، رافیل جوڈار کا فرنچ اوپن میں دھماکہ جاری

پیرس، 2جون (یواین آئی) رواں سال کے دوسرے گرینڈ سلیم فرنچ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں 14 مرتبہ کے چیمپئن رافیل نڈال کی رخصتی کے بعد، اسپین کے 19 سالہ نوجوان کھلاڑی رافیل جوڈار نے اپنی شاندار کارکردگی سے ٹینس کی دنیا کو حیران کر دیا ہے۔




گزشتہ سال دنیا میں 707ویں رینکنگ پر موجود رافیل جوڈار نے اپنے پہلے ہی پیرس کلے کورٹ گرینڈ سلیم کے کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی ہے، جہاں ان کا مقابلہ جرمنی کے الیگزینڈر زویروف سے ہوگا۔ ورجینیا یونیورسٹی کے سابق طالب علم رافیل جوڈار نے رواں سال مٹی کے کورٹ (کلے کورٹ) پر بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے 19 میچز جیتے ہیں، جو رواں سیزن میں کسی بھی کھلاڑی کی سب سے زیادہ فتوحات ہیں۔ انہوں نے چوتھے راؤنڈ میں ہم وطن کھلاڑی پابلو کارینو بسٹا کے خلاف 2 سیٹس کے خسارے میں ہونے کے باوجود شاندار واپسی کی اور 5 سیٹس کے مقابلے میں فتح حاصل کر کے کوارٹر فائنل تک رسائی حاصل کی ۔ رافیل جوڈار کو ٹورنامنٹ میں 27ویں سیڈ دی گئی ہے، اور کارلوس الکاراز کے زخمی ہو کر باہر ہونے کے بعد اب ان پر اسپین کی امیدوں کا پورا بوجھ ہے ۔ ٹینس کے مایہ ناز کوچ ٹونی نڈال نے بھی رافیل جوڈار کو نئی نسل کا سب سے باصلاحیت کھلاڑی قرار دیا ہے۔ اگر رافیل جوڈار سیکنڈ سیڈ الیگزینڈر زویروف کو شکست دینے میں کامیاب ہوجاتے ہیں، تو وہ 2005 میں رافیل نڈال کی تاریخی جیت کے بعد فرنچ اوپن جیتنے والے پہلے نوجوان کھلاڑی بننے کے انتہائی قریب پہنچ جائیں گے۔




# ٹیسٹ میچز میں سرخ کی جگہ پنک گیند کے استعمال کی منظوری

2رجون: انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹیسٹ کرکٹ میں خراب روشنی کے باعث ضائع ہونے والے وقت کو کم کرنے کے لیے ایک اہم آزمائشی اقدام کی منظوری دے دی ہے۔ نئے فیصلے کے تحت ایسے ٹیسٹ میچز میں جہاں خراب روشنی کے باعث کھیل متاثر ہونے کا خدشہ ہو، میچ شروع ہونے سے قبل دونوں ٹیموں کی رضامندی سے سرخ گیند کے بجائے گلابی گیند استعمال کی جاسکے گی۔ یہ فیصلہ احمد آباد میں ہونے والے آئی سی سی بورڈ اجلاس میں منظور کیا گیا۔ گلابی گیند اب تک صرف ڈے نائٹ ٹیسٹ میچز میں استعمال ہوتی رہی ہے تاہم نئے تجربے کا مقصد فلڈ لائٹس میں کھیل جاری رکھنا اور خراب روشنی کے سبب ضائع ہونے والے اوورز کو کم کرنا ہے۔ آئی سی سی نے اس کے علاوہ ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں ہیڈ کوچ یا نامزد سپورٹ اسٹاف کو ڈرنکس بریک کے دوران میدان میں آ کر کھلاڑیوں سے مشاورت کرنے کی اجازت بھی دے دی ہے۔ مزید برآں، ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں اننگز کے درمیان وقفہ 15 منٹ مقرر کر دیا گیا ہے جبکہ لیگ سائیڈ وائیڈ گیندوں کے فیصلوں کے لیے گائیڈ لائنز کے استعمال کو مستقل قانون کا حصہ بنا دیا گیا ہے۔ مشکوک باؤلنگ ایکشن کی جانچ کے لیے امپائرز کو ہاک آئی ڈیٹا تک رسائی بھی فراہم کی جائے گی۔



# چار ملکی فٹبال ٹورنامنٹ: پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان مقابلہ بغیر کسی گول کے برابر

مالے، 2جون (یواین آئی) پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان چار ملکی ڈائمنڈ جوبلی انٹرنیشنل فٹبال ٹورنامنٹ میں مقابلہ بغیر کسی گول کے برابر رہا۔ مالدیپ کے دارالحکومت مالے میں جاری ٹورنامنٹ میں پاکستان اور بنگلادیش کے درمیان سخت مقابلہ رہا تاہم میچ بغیر کسی گول کے برابر رہا۔ دونوں کو گول کرنے کے متعدد مواقع ملے لیکن دفاعی کھلاڑیوں کی عمدہ کارکردگی کی بدولت کوئی ٹیم گول نہ کرسکی۔



میچ کے برابر ہونے پر دونوں ٹیموں نے ایک ایک پوائنٹ حاصل کیا۔ پاکستان اب 4 جون کو ٹورنامنٹ کے میزبان مالدیپ کے خلاف میدان میں اترے گا جبکہ گروپ مرحلے کا آخری میچ 7جون کو افغانستان کے خلاف کھیلے گا۔ ٹورنامنٹ کی سرفہرست دو ٹیمیں 10 جون کو فائنل میں مدمقابل ہوں گے۔


Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804

پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30رچترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع ۔ ایڈیٹر: پریم شنکر ، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔ (پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804